Urdu

Studier

رہائشی اجازت نامہ برائے تعلیم

ایسے غیر ملکی جو تعلیم حاصل کرنے کے خواہاں ہیں وہ ناروے کا رہائشی اجازت نامہ برائے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔

ناروے میں سکول یا اعلی تعلیم کی غرض سے یہ رہائشی اجازت نامہ حاصل کرنے کے لیے آپکو مندرجہ ذیل شرائط پوری کرنی ہوں گی:

- کسی یونیورسٹی، سائنس کالج، گورنمنٹ کالج، فائن آرٹس کالج، عوامی کالج یا ایک سال کی نظریاتی تعلیم دینے والے سکول میں آپکا داخلہ ہو چکا ہو بعض خاص صورتوں میں ہائر سیکنڈری سکول میں داخلے کو بھی منظور کر لیا جاتا ہے
- آپ اپنی تعلیم کے اخراجات برداشت کر سکتے ہوں
- تعلیمی عرصہ کے دوران آپ کے پاس رہنے کی جگہ ہو
- آپ کل وقتی طالب علم ہوں
- آپ کے پاس ناروے میں تعلیم کا ایک مکمل اور واضح منصوبہ ہو

یورپین یونین، یورپی مالیاتی زون، یورپین مشترکہ مالی منڈی (EU/EØS/EFTA) سے تعلق نہ رکھنے والے درخواست دہندگان کے لیے:

رہائشی اجازت نامہ برائے تعلیم کی درخواست کے ساتھ آپکو مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروانا ہونگی:

- درخواست فارم بمع تصویر
- پاسپورٹ کی کاپی
- کسی منظور شدہ تعلیمی ادارے میں داخلے کے متعلق تصدیق نامہ
- آپکا تعلیمی منصوبہ
- اپنے اخراجات اٹھا سکنے کے متعلق دستاویزات (مثلاً Lånekassen سے تعلیمی قرض ملنے کا ثبوت یا کسی نارویجن بینک میں جمع شدہ رقم)
- رہائشی بندوبست کا ثبوت

اس کے علاوہ فیس بھی ادا کرنا ہوتی ہے۔

دستاویزات کا تقاضا مختلف ملکوں سے تعلق رکھنے والے درخواست گزاروں کیلئے مختلف ہوتا ہے اور اس میں تبدیلی بھی کی جا سکتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے آپ اپنے قریبی نارویجین سفارتخانہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ناروے میں موجود ہیں تو پھر آپ پولیس یا ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یورپین یونین، یورپی مالیاتی زون اور یورپین مشترکہ مالی منڈی (EU/EØS/EFTA) سے تعلق رکھنے والے درخواست دہندگان کے لیے:

رہائشی اجازت نامہ برائے تعلیم کی درخواست کے ساتھ آپکو مندرجہ ذیل دستاویزات جمع کروانا ہونگی:

- یورپی مالیاتی زون اور یورپین مشترکہ مالی منڈی (EØS/EFTA) سے تعلق رکھنے والے درخواست دہندگان کے لیے مخصوص درخواست فارم بمع تصویر

- کسی تعلیمی ادارے میں داخلے کے متعلق تصدیق نامہ۔ یہ ضروری ہے کہ درخواست دہندہ پیشہ ورانہ تعلیم کیلئے داخلہ حاصل کر چکا ہو۔
- اخراجات کے بندوبست کے متعلق تصدیقی بیان یا اسکے متعلق دستاویزات
- بیماری انشورنس (پرائیویٹ انشورنس، ای فارم/E-skjema یا یورپین بیمۂ صحت کا کارڈ) جو آپکی تعلیم کے تمام عرصہ کے لیے کارآمد ہو۔

یورپین یونین، یورپی مالیاتی زون اور یورپین مشترکہ مالی منڈی (EU/EØS/EFTA) سے تعلق رکھنے والے درخواست ناروے سے ہی دے سکتے ہیں اور انہیں کوئی فیس بھی ادا نہیں کرنی ہوتی۔ درخواست دہندہ کے کنبے کے قریبی افراد اس کے ساتھ ناروے آسکتے ہیں۔ کنبے کے قریبی افراد کے زمرہ میں شریک حیات، یا بغیر شادی کے پارٹنر (samboer) جو کم از کم دوسال سے ساتھ رہ رہا /رہی ہو، اور بچے آتے ہیں۔ اسکے علاوہ درج ذیل اصول بھی لاگو ہوتے ہیں:

- آپ اپنے کنبے کی کفالت کر سکتے ہوں، (تنخواہ کم از کم سرکاری تنخواہ سکیل، کے سکیل نمبر ایک کے مساوی ہونا لازمی ہے)
- کنبے کے افراد کے پاس بیماری انشورنس ہونا لازمی ہے

رہائشی اجازت نامہ پورے تعلیمی عرصہ کے لیے دیا جاتا ہے، لیکن ایک اجازت نامہ ایک سال سے زیادہ عرصے کیلئے نہیں ہوتا اور ایک سال گزرنے کے بعد اس کی تجدید کروائی جاسکتی ہے۔ اجازت نامہ آپکو جزوقتی کام (زیادہ سے زیادہ آدھی نوکری) کا حق عطا کرتا ہے۔ تاہم آپکے ہمراہ آنے والے کنبہ کے افراد کو کام کا عام اجازت نامہ دے دیا جاتا ہے۔

عام سوالات

اس پرمٹ کے لیے درخواست کہاں دینی ہوگی؟

آپکو اس پرمٹ کے لیے درخواست قریب ترین نارویجین سفارتخانہ میں دینی ہوگی۔ درخواست پر کاروائی ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) میں ہوگی۔ یورپین یونین اور یورپی مالیاتی زون EU/EØS کے شہریوں کے لیے اس سے استثنا موجود ہے۔ ان ممالک کے شہری ناروے میں داخل ہو سکتے ہیں اور یہاں آنے کے بعد درخواست دے سکتے ہیں۔ اس صورت میں آپ کی درخواست کو قریب ترین پولیس دفتر میں بھجوا دیا جاتا ہے جہاں اس پر کاروائی ہوتی ہے۔
نارویجین امدادی ادارے نوراد (NORAD) سے منسلک طالب علم بھی پہلے ناروے آسکتے ہیں اور یہاں آکر درخواست دے سکتے ہیں۔ اگر یہ طالب علم تمام شرائط پوری کرتے ہوں تو انہیں نارویجین سفارتخانہ سے ملک میں داخل ہونے کا ویزا جاری کیا جاسکتا ہے اور اس کے بعد پولیس ان کے رہائشی اجازت نامہ کی درخواست پر غور کرتی ہے۔

کیا ناروے میں طلباء کے رہائشی پرمٹ کی کوئی فیس ہے؟

درخواست فیس آٹھ سو نارویجین کرونر ہے اور درخواست دیتے وقت ادا کرنا ہوتی ہے۔
اگر آپ پہلے ہی ناروے میں موجود ہیں یا اجازت نامہ کی تجدید کے لیے درخواست دیتے ہیں تو فیس نقد یا بنک کارڈ کے ذریعہ بھی پولیس کو ادا کی جاسکتی ہے۔ فیس کی ادائیگی پیشگی طور پر بذریعہ بنک (اکاونٹ میں منتقلی) بھی کی جاسکتی ہے، ایسی صورت میں ادائیگی کی رسید درخواست کے ساتھ لف کرکے درخواست بذریعہ پوسٹ یا پھر خود جا کر جمع کروائی جاسکتی ہے۔ اکاونٹ نمبر آپکو پولیس یا نارویجین سفارت خانہ سے مل سکتا ہے۔ فیس پولیس وصول کرتی ہے نہ کہ ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI)۔

اگر درخواست اوسلو میں دینی ہو تو پھر آپ پولیس کے شعبہ برائے تارکین وطن سے رابطہ کرکے اکاونٹ نمبر حاصل کر سکتے ہیں۔ اوسلو پولیس کا فون نمبر 00 21 34 22 ہے۔

ناروے میں پولیس کے دیگر ضلعی دفاتر کے فون نمبر آپکو انٹرنیٹ کے درج ذیل پتہ سے دستیاب ہیں:

http://www.politi.no/politiet/adresseliste.html

یورپین یونین اور یورپی مالیاتی زون (EU/EØS) کے شہری فیس کی ادائیگی سے مستثنیٰ ہیں۔

اس درخواست پر فیصلہ ہونے میں کتنی دیر لگتی ہے؟

مختلف کیسوں پر کاروائی میں مختلف وقت لگتا ہے!اگر آپکا پوسٹ کا پتہ ناروے کا ہے تو آپکو حکام کی طرف سے خود بخود ایک خط بھیجا جائے گا جس میں آپکی درخواست موصول ہونے کی تصدیق ہوگی بتایا جائے گا کہ آپ کی رخواست پر کاروائی میں کتنا وقت لگنے کا امکان ہے۔ نارویجین اور انگریزی زبان میں تازہ ترین معلومات کے لیے ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکینِ وطن (UDI) کے انٹرنیٹ صفحات www.udi.no ملاحظہ کریں یا ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن کے شعبہ معلومات برائے درخواست دہندگان (Opplysningstjenesten) سے فون پر رابطہ کریں۔

اگر میری درخواست مسترد کر دی جاتی ہے تو کیا میں فیصلہ کے خلاف اپیل کر سکتا ہوں؟

جی ہاں! اپیل میں دلائل دینا ضروری ہے، اگر آپ کوئی اضافی معلومات دے سکتے ہوں تو اپیل میں ان کا ذکر کریں۔ اگر آپ اپیل کرتے ہیں تو آپکی درخواست کو ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) میں نئے سرے سے زیرِ غور لایا جائے گا اور اگر ڈائریکٹوریٹ اپنے پہلے فیصلے میں تبدیلی نہیں کرتا تو پھر اس اپیل کو غیر ملکیوں کی اپیلوں کی سماعت کرنے والی کمیٹی (UNE) کے پاس بھیج دیا جائے گا۔ اپیل پر کوئی فیس لاگو نہیں ہوتی۔

کیا میں اپنے کنبے کو ہمراہ لا سکتا ہوں؟

اگر ناروے میں آپ کی تعلیم کا بقیہ عرصہ ایک سال سے کم ہے تو اس صورت میں آپ اپنے کنبہ کو ہمراہ نہیں لا سکتے۔
اگر یہ عرصہ ایک سال سے زائد ہے تو آپ کے قریبی کنبے یعنی شریک حیات، یا کم از کم گذشتہ دو سال سے بغیر شادی کیے آپ کے ہمراہ رہنے والی خاتون یا مرد یعنی (samboer) کو رہائش کا اجازت نامہ دیا جا سکتا ہے۔ آپ کے جن بچوں کی عمر اٹھارہ سال سے کم ہو، انہیں بھی ناروے میں رہائش کا اجازت نامہ دیا جا سکتا ہے۔

آپ کے کنبہ کے افراد کو خود اپنے ملک میں قریب ترین نارویجین سفارتخانہ سے رابطہ کر کے رہائش کے اجازت نامہ کی درخواست دینی ہوگی۔

یہ ضروری ہے کہ آپ خود اپنے کنبہ کی کفالت کر سکتے ہوں اور ان کے لیے اپنے ساتھ رہائش کا بندوبست کر سکتے ہوں۔تنخواہ کم از کم سرکاری تنخواہ سکیل، کے سکیل نمبر ایک کے مساوی ہونی چاہیے۔

یورپین یونین اور یورپی مالیاتی زون (EU/EØS) سے تعلق رکھنے والے طلبا کے کنبے کے افراد کے لیے علیحدہ قواعد ہیں۔ان درخواست دہندگان کے کنبہ کے قریبی افراد ان کے ساتھ ناروے آ سکتے ہیں۔ کنبہ کے قریبی افراد کے زمرہ میں شریک حیات، یا بغیر شادی کے پارٹنر (samboer) جو کم از کم دو سال سے درخواست دہندہ کے ساتھ رہ رہا رہی ہو، اور بچے آتے ہیں۔اسکے علاوہ درج ذیل اصول بھی لاگو ہوتے ہیں:

- آپ اپنے کنبہ کے افراد کی کفالت کر سکتے ہوں، (تنخواہ کم از کم سرکاری تنخواہ سکیل، کے سکیل نمبر ایک کے مساوی ہونی چاہیے)۔
- کنبہ کے افراد کے پاس بیماری انشورنس ہونا لازمی ہے۔

میں کتنا عرصہ ناروے میں قیام کر سکتا ہوں؟

آپ کو رہائش کی اجازت ہر دفعہ ایک سال کے لیے دی جاتی ہے۔ ایک سال کے بعد رہائشی پرمٹ کی تجدید کروانا ہوتی ہے۔اجازت نامہ کی تجدید کے لیے یہ شرط ہے کہ آپ تسلی بخش طریق سے تعلیمی ترقی کی منازل طے کر رہے ہوں۔

کیا میں ناروے میں تعلیم کے دوران کام کا اجازت نامہ حاصل کر سکتا ہوں؟

جب آپ طالب علم کی حیثیت سے ناروے آتے ہیں تو آپ کو کام کا عام اجازت نامہ نہیں دیا جاتا۔تاہم آپ جز وقتی کام کی اجازت حاصل کرنے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ (جز وقتی کام سے مراد ہفتہ میں زیادہ سے زیادہ بیس گھنٹے اور تعطیلات میں کل وقتی کام کی اجازت ہے)۔اس کیلئے ضروری ہے کہ تعلیمی ادارہ یہ تصدیق کرے کہ اس سے آپ کی تعلیمی پیش رفت میں رکاوٹ نہیں ہوگی۔آپ کا شریک حیات/بغیر شادی کے پارٹنر بھی اسی نوعیت کے کام کے اجازت نامے کی درخواست دے سکتا ہے۔

یورپین یونین اور یورپی مالیاتی زون (EU/EØS) کے شہریوں کو آدھی نوکری کے برابر کام کرنے کا حق ہوتا ہے۔ تاہم انکے ہمراہ آنے والے کنبہ کے افراد کو کام کا عام اجازت نامہ دے دیا جاتا ہے۔

کیا آپ اس کے علاوہ مزید معلومات چاہتے ہیں؟

اگر آپ قواعد کے متعلق مزید معلومات چاہتے ہیں تو ایسی صورت میں آپ اپنے قریب ترین نارویجین سفارت خانہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ آپ ناروے میں دفتر پولیس یا ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن (UDI) کے شعبہ معلومات برائے درخواست دہندگان سے فون نمبر 00 16 35 23 47+ یا ای میل ots @udi.no پر رابطہ کر سکتے ہیں یا پھر نارویجین اور انگریزی زبان میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے انٹرنیٹ کے صفحات www.udi.no کا مطالعہ کریں۔

ڈائریکٹوریٹ برائے امور تارکین وطن UDI:

پوسٹ کا پتہ: Utlendingsdirektoratet, postboks 8108 Dep., N-0032 Oslo

دفتر کا پتہ: Hausmannsgate 21, Oslo

انٹرنیٹ: www.udi.no

ای میل: udi @udi.no

نظرِ ثانی شدہ متن مؤرخہ 3.03.2007